**25/02/2025**

**09.25 AM**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے**

**جتیندر سنگھ**

**مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ پی ایم کسان سمان ندھی سکیم زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کےلئے مفید ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے10برسوں کے دوران زرعی سیکٹر کے بجٹ میں6گنا اضافہ کیا گیا ہے۔**

**افتتاحCM**

**اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے زرعی یونیورسٹی کشمیر کے شالیمار کیمپس میں تجدید شدہ سینٹرل لائبرری کا افتتاح کرنے کے بعد کہا کہ انکی سرکار زرعی شعبے کو تقویت بخشنے اور کسانوں کی بہبود کےلئے مناسب اقدامات کر رہی ہے۔**

**ملاقاتLG**

**ICICI بینک کے جمونو کشمیر اور لداخ کے زونل سربراہ سندیپ شرما نے کل جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں بینک کی سرگرمیوں کے علاوہ کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی کے تحت کئے جا رہے کاموں کے بارے میں جانکاری دی۔**

**سماگم**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے انسانی اعضا کو ٹرانسپلانٹ کرنے کے بارے میں جانکاری عام کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ کل سرینگر میں نیشنل آرگن اینڈ ٹشو ٹرانسپلانٹ آر گنائزیشن اور سٹیٹ آرگن اینڈ ٹشو ٹرانسپلانٹ آر گنائزیشن کے مشترکہ اہتمام سے منعقدہ سما گم 2025 میں**

اظہار خیال کر رہے تھے ۔ اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے کہا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونو کشمیر کے شہری علاقوں میں بے گھر افراد کی جامع فہرست تیار کرنے کےلئے ایک ٹھوس نقش راہ ترتیب دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جمونمیں مکانات و شہری ترقی محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ میں انہوں نے اس ضمن میں وسیع سروے کرنے کی ہدایت دی تاکہ مستحق افراد کو پر دھان منتری آواس یوجنا شہری کے دائرے میں لایا جا سکے۔

شیتل نندا

جنگلات و ماحولیات محکمے کی کمشنر سیکریٹری شیتل نندا نے بانڈی پورہ میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جھیل ولر کے تحفظ کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ایکو ٹور ازم کے تمام پروجیکٹ وقتِ مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

**Obsesity**

یعنی موٹا پا یا حد سے زیادہ وزن انسانی صحت کےلئے مضر ہے اور یہ کئی بیماریوں **Obesity** کا ذکر کر تے **Obesity**کو جنم دیتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مو دی نے من کی بات پروگرام میں ہوئے لوگوں کو اس بارے میں حساسیت پیدا کرنے کی تلقین کی۔ اس سلسلے میں امراض قلب کے ایک معروف معالج ڈاکٹر  یو کول نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے صوبائی انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں مہا شیو راتری کے تہوار اور ماہ رمضان کی آمد کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مہا شیو راتری کے موقعے اور رمضان المبارک کی آمد پرضروری خدمات مہیا رکھنے کی ہدایت دی۔

سرکار نے مہا شیو راتری کے مد نظر مائیگرنٹ اور پی ایم پیکیج کے تحت وادی میں تعینات دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ مذکورہ ملازمین آج یعنی25فروری  Leave ملازمین کو4روزہ کیجول لے سکتے ہیں۔ Leaveکے علاوہ27اور28فروری نیز یکم مارچ کو یہ

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

........................................................

.........................................